URDU

SCORE REPORT COVER LETTER
Cognitive Abilities Test

عزیز والدین اور سرپرست:

آپ کے بچے نے حال ہی میں، Cognitive Abilities Test (CogAT) دیا ہے۔ یہ ٹیسٹ ان تین شعبوں میں طالب علم کی استدلالی صلاحیتوں کی پیمائش کرتا ہے: زبانی، مقداری اور غیرزبانی۔ زبانی شعبے میں، اس امر کی جانچ کی جاتی ہے کہ طالب علم الفاظ سے متعلق سوال کس حد تک سیکھنے اور حل کرنے کے قابل ہے۔ مقداری شعبے میں، آپ کے طالبعلم کے عددی تصورات کا استعمال کرنے کی، جانچ کی جاتی ہے۔ غیر زبانی شعبے میں، اِس امر کا اندازہ لگایا جاتا ہے کہ طالب علم اشکال اور تصاویر کو، سوالات کے حل میں کتنی خوبی سے، استعمال کر سکتا ہے ۔

کسی معیاری ٹیسٹ کی طرح، CogAT آپ کے طالبعلم کی صرف چند صلاحیتوں کی پیمائش کرتا ہے اور نتائج اس کے، ٹیسٹ والے دن کی کارکردگی کا اظہار کرتے ہیں۔ لہذا، یہ اسکور اس کی حقیقی صلاحیت کا صرف ایک اندازہ ہوتے ہیں۔ سروسز یا سپورٹ سے متعلق فیصلے، صرف ٹیسٹ اسکورز کی بنیاد پر نہیں کیئے جانے چاہیئں، لیکن اگر، انہیں دوسری معلومات کے ساتھ مِلا کر استعمال کیا جا ئے تو اِن کے ذریعے، مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔ فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے، CogAT ٹیسٹ کے نتائج، اعلیٰ تعلیمی پروگرام (AAP) کی خدمات کے تعین کے لیئے، استعمال کیئے جانے والے، متعدد اقدامات میں سے، ایک ہے۔

آپ کے طالبعلم کے، CogAT ٹیسٹ کے نتائج، منسلکہ Profile Narrative میں درج ہیں۔ Profile Narrative میں، ٹیسٹ سے متعلق، ایک وضاحت بھی شامل ہوتی ہے۔ پہلے پیرا گراف میں، ٹیسٹ کا ایک عمومی جائزہ پیش کیا جاتا ہے ۔ دوسرے پیراگراف میں آپ کے طالبعلم کی کارکردگی کا دوسرے طالبعلموں کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے جنہوں نے قومی سطح پر یہ ٹیسٹ دیا ہوتا ہے۔ اس پیراگراف میں، ٹیسٹ سے لی گئی معلومات کو، اپنے طالبعلم کی کارکردگی بہتر بنانے میں، کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے، اس سے متعلق بھی سفارشات شامل ہوتی ہیں۔ آخری پیراگراف میں، اسکور کے موازنہ کے لیئے، استعمال کیے جانے والے، گریڈ اور عمر کے بارے میں، تفصیلات پیش کی جاتی ہیں۔ یہ کچھ خصوصی اصطلاحات ہیں، جو آپ کو Profile Narrative رپورٹ میں ملیں گی۔

- *Composite Scores (مجموعی اسکورز)* آپ کے طالبعلم کے تینوں شعبوں (زبانی، مقداری، اور غیرزبانی) میں اسکور کے انداز پرمبنی کارکردگی کی مجموعی تصویر پیش کرتے ہیں۔
- *Age Scores (عمر کے لحاظ سے اسکورز)* اس میں آپ کے طالبعلم کی کارکردگی، قومی سطح پر تقریباً اُسی ہی کی عمر کے طالبعلموں کے نمائندہ نمونے کے مقابلے میں، دکھائی جاتی ہے۔
- *Raw Scores (خام اسکورز)* اس میں ہر شعبے میں، ٹیسٹ آئٹمز کی کل تعداد میں سے، آپکے طالبعلم نے کتنے ٹیسٹ آئٹمز کا جواب دینے کی کوشش کی اور کتنے ٹیسٹ آئٹمز کے جواب درست دیئے، ان سب کی تعداد دکھائی جاتی ہے۔
- *Grade Scores (گریڈ کے لحاظ سے اسکورز)* اس میں آپ کے طالبعلم کی کارکردگی، قومی سطح پر اُسی گریڈ کے طالبعلموں کے نمائندہ نمونے کے مقابلے میں، دکھائی جاتی ہے۔
- *Standard Age Scores (SAS) (معیاری عمر کے مطابق اسکور)* اس میں آپکے طالبعلم کے خام اسکور، ایک مستقل اسکیل پر، تبدیل کردیئے جاتے ہیں۔ SAS کی حد 50 سے 160 کے درمیان ہوتی ہے، midpoint (وسطی نقطہ) 100 ہوتا ہے ۔
- Stanines *(معیاری سلسلہ)* اس میں 1 (کم سے کم) سے 9 (زیادہ سے زیادہ) تک کے معیاری پیمانے پر، آپکے طالبعلم کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا جاتا ہے، جس میں 5th stanine وسطی نقطہ ہوتا ہے۔
- *Percentile Ranks (PR) (فیصدی رینک)* ایک ہی گروپ میں، ان طلباء کی شرح (عمر، مقامی، یا گریڈ) ظاہر کرتے ہیں، جن کے اسکور آپ کے طالبعلم کے اسکورز سے، کم ہوتے ہیں۔ PRs کم سے کم 1 اور زیادہ سے زیادہ 99 کے درمیان ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر طالب علم کا 45 PR ہے، تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ اُس طالب علم کی کارکردگی موازنہ کے گروپ میں مقابلے کے 45 فیصد طلباء جیسی یا ان سے بہتر رہی۔

اگر آپ اس اسکور رپورٹ سے متعلق، کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی، اپنے اعلیٰ تعلیمی ذرائع کے ٹیچر (AART)، ______________________________، یا اسکول کے ٹیسٹ کوآرڈینیٹر، ______________________________، سے طالبعلم کے اسکول میں رابطہ قائم کریں۔